Q

Printed Pages : 5

Paper Code : 171102

M.A. (CBCS) (Ist Year) (Semester-I) Examination, 2022-23

(Major)

URDU

[Paper : First]

(Urdu Classical Ghazal)

Time : 3 Hours] **[Maximum Marks : 75**

Note : Attempt questions from **all** sections as per instructions.

نوٹ: یہ سوالنامہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ ہدایت کے مطابق ہر حصہ سے جواب دیجیے۔

(حصہ-الف)

ہدایت: اس حصہ سے سبھی سوالوں کے جواب تقریباً پچاس-پچاس الفاظ میں مختصراً دیجیے۔

[10×2=20]

171102/600

[P.T.O.]

1۔ (i) غزل کے تین شعراء کے نام لکھئے۔

(ii) غزل اور نظم کے فرق کو واضح کیجیے۔

(iii) تشبیہ کسے کہتے ہیں؟ مثال دے کر سمجھائیے۔

(iv) استعارہ کسے کہتے ہیں؟ مثال دیکر بتلائیے۔

(v) مطلع کسے کہتے ہیں؟

(vi) مقطع کسے کہتے ہیں؟

(vii) ردیف کیا ہوتا ہے؟

(viii) قافیہ کسے کہتے ہیں؟

(ix) غالب کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(x) اپنی پسند کا ایک شعر لکھیے۔

(حصہ-ب)

ہدایت: اس حصہ سے صرف پانچ سوالوں کے جواب تقریباً دو-دوسو (200) الفاظ میں دیجیے: [5×7=35]

2- غزل کے فن پر مضمون لکھیے۔

3- غالب کی غزلیہ شاعری پر مضمون لکھیے۔

4- میر تقی میر کی شاعری پر مضمون لکھیے۔

5- دبستانِ دہلی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

6۔ دبستانِ لکھنؤ کی خصوصیات بیان کیجیے۔

7۔ غزل کے موضوعات پر سیر حاصل بحث کیجیے۔

8۔ اپنے پسندیدہ شاعر کا مکمل تعارف پیش کیجیے۔

9۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے:

سن تو سہی جہاں میں ہے، تیرا فسانہ کیا

کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا

طبل و علم ہی پاس ہے اپنے نہ ملک و مال

ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا

(حصہ-ج)

ہدایت: اس حصہ سے صرف دو (2) سوالوں کے جواب تفصیل کے ساتھ تقریباً پانچ-پانچ سو (500) الفاظ میں دیجیے۔ [2×10=20]

10۔ غزل کی مقبولیت کے اسباب بتلائیے۔

11۔ کلاسیکی غزل کسے کہتے ہیں؟ مدلل لکھئے۔

12۔ غزل کے اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالئے۔

13۔ غزل پر کئے جانے والے اعتراضات کا جائزہ لیجیے۔

----- x -----

Q

Printed Pages : 4

Paper Code : 271133

M.A. (CBCS) (Ist Year) (Semester-II)
Examination, 2022-23

(Major)

URDU

(Tareekh-e-Adab-e-Urdu)

Time : 3 Hours] [Maximum Marks : 75

Note : Attempt questions from **all** sections as per given instructions.

نوٹ: یہ سوالنامہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ ہدایت کے مطابق ہر حصہ سے جواب دیجیے۔

(حصہ-الف)

ہدایت: اس حصہ سے سبھی سوالوں کے جواب مختصراً تقریباً پچاس- پچاس الفاظ میں دیجیے۔ [10×2=20]

1۔ (i) تین ماہر لسانیات کے نام لکھئے۔

(ii) محمود شیرانی کی کتاب کا نام لکھئے۔

(iii) مغربی ہندی اور اس کی اہم بولیاں کون کون سی ہیں؟

(iv) زبانوں کے اہم لسانی خاندان کون کون سے ہیں؟

(v) زبان کی تعریف لکھئے۔

(vi) اردو کی جائے پیدائش سندھ ہے یہ کس کا نظریہ ہے؟

(vii) اردو کا تعلق کس لسانی خاندان سے ہے؟

(viii) تین صوفیائے کرام کے نام لکھئے جنہوں نے اردو زبان کی ترقی میں حصہ لیا ہو؟

(ix) مثنوی کی تعریف بیان کیجیے۔

(x) اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟

(حصہ-ب)

ہدایت: اس حصہ سے صرف پانچ سوالوں کے جواب تقریباً دو-دوسو (**200**) الفاظ میں دیجیے۔ [5×7=35]

2۔ اردو کے فروغ میں بہمنی سلطنت کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

3۔ دکنی اردو کی خصوصیات بیان کیجیے۔

4۔ وجہی کی ادبی خدمات پر مضمون لکھئے۔

5۔ ایہام گوئی کی تحریک پر تنقیدی مضمون لکھئے۔

6۔ اردو کے اہم ادبی معرکے کی عنوان سے مضمون لکھئے۔

7۔ محمد حسین آزاد کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔

8۔ تحریک انجمن پنجاب کے مقاصد پر روشنی ڈالئے۔

9۔ ولی دکنی کی ادبی خدمات پر مضمون لکھئے۔

(حصہ-ج)

ہدایت: اس حصہ سے صرف دو (2) سوالوں کے جواب تفصیل کے ساتھ تقریباً پانچ-پانچ سو(**500**) الفاظ میں دیجیے۔ [2×10=20]

10۔ فورٹ ولیم کالج سے قبل اردو کی صورتحال پر مضمون لکھئے۔

11۔ اردو شاعری کے عہد بہ عہد ارتقاء پر تنقیدی نگاہ ڈالئے۔

12۔ دبستان لکھنؤ کی خصوصیات قلمبند کیجیے۔

13۔ اردو کی ابتدا کے متعلق مختلف نظریات کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

-----x-----

Q

Printed Pages : 6

Paper Code : 271135

M.A. (CBCS) (Ist Year) (Semester-II)
Examination, 2022-23

(Major)

URDU

[Afsanawi Adab (Dastan and Novel)]

Time : 3 Hours] **[Maximum Marks : 75**

Note : Attempt questions from **all** sections as per given instructions.

نوٹ: یہ سوالنامہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ ہدایت کے مطابق ہر حصہ سے جواب دیجیے۔

(حصہ-الف)

1۔ مندرجہ ذیل سبھی سوالوں کے جواب مختصراً تقریباً پچاس-پچاس الفاظ میں دیجیے: [10×2=20]

(i) اردو کی چار (4) داستانوں کے نام بتائیے۔

(ii) ناول کے اجزائے ترکیبی تحریر کیجیے۔

(iii) اردو کی پہلی داستان کا نام مع مصنف لکھئے۔

(iv) نصاب میں شامل شمس الرحمٰن فاروقی کے ناول کا نام اور اس کا موضوع بتائیے۔

(v) فورٹ ولیم کالج کی دو (2) داستانوں کے نام لکھئے اور ان کے مصنف کا نام بھی بتائیے۔

(vi) امراؤ جان ادا کس کا ناول ہے؟ اس کا سن تصنیف کیا ہے؟

(vii) اردو کے پہلے ناول نگار کا نام اور ان کا پہلا ناول لکھئے۔

(viii) شعور کی رو سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(ix) گئودان کے دو کرداروں کے نام بتائیے۔

(x) تقسیم ہند کے موضوع پر مبنی دو (2) ناولوں کے نام تحریر کیجیے۔

(حصہ-ب)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہیں پانچ (5) سوالوں کے جواب تقریباً دو-دوسو (200) الفاظ میں دیجیے۔ [5×7=35]

2۔ داستان اور ناول کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

3۔ سب رس کی خصوصیات قلمبند کیجیے۔

4۔ ناول کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فنی پہلوؤں کا احاطہ کیجیے۔

5۔ ڈپٹی نذیر احمد کے ناولوں کی خصوصیات بیان کیجیے۔

6۔ گئودان پر ایک نوٹ لکھئے۔

7- مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے:

غرض آدمی کا شیطان آدمی ہے؛ ہر دم کے کہنے اور سننے سے اپنا بھی مزاج بہک گیا۔ شراب، ناچ اور جوئے کا چرچا شروع ہوا۔ پھر تو یہ نوبت پہونچی کہ سوداگری بھول کر، تماشا بینی کا اور دینے لینے کا سودا ہوا۔ اپنے نوکر اور رفیقوں نے جب یہ غفلت دیکھی جو جس کے ہاتھ پڑا، الگ کیا، گویا لوٹ مچادی۔ کچھ خبر نہ تھی کتنا روپیہ خرچ ہوتا ہے اس ورخرچی کے آگے اگر گنج قاروں کا ہوتا، تو بھی وفا نہ کرتا۔

(یا)

سبحان اللہ وبحمدہ! عجب شہر گلزار ہے۔ ہر گلی دل چسپ، جو کوچہ ہے، باغ وبہار ہے۔ ہر شخص اپنے طور کا باوضع، قطع دار ہے۔ دورویہ بازار کس انداز کا ہے! ہر دوکان میں سرمایہ ناز ونیاز کا ہے۔ گو، ہر محلے میں جہاں کا ساز وسامان مہیا ہے۔ پر اکبری دروازے سے جلوخانہ اور کچے پل تک، کہ صراط مستقیم ہے، کیا جگہ ہے! نان بائی خوش سلیقہ، شیر مال، کباب، نان، نہاری

بلکہ جہاں کی نعمت اس آب داری کی، جس کی بو باس سے دل طاقت پائے، دماغ معطر ہو جائے۔

8۔ نیچے دیئے گئے اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے:

عقل نور ہے، عقل کی دوڑ بہت دور ہے، عقل ہے تو آدمی کہواتے، عقل ہے تو خدا کوں پاتے، عقل اچھے تو تمیز کرے، برا اور بھلا جانے عقل اچھے تو ایس کوں ہور دوسرے کو پچھانے عقل تی میر، عقل تی پیر، عقل تی سلطنت عقل تی بادشاہ، عقل تی وزیر، عقل تی دنیا، عقل تی دولت، عقل تی چلتی سلطاناں کی سلطنت عقل تی رہیا ہے یو عالم کھڑیا۔ جس میں بھوت عقل وو بھوت بڑا۔

9۔ جدیدیت کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے صرف دو (2) سوالوں کے جواب تفصیل کے ساتھ تقریباً پانچ-پانچ سو (500) الفاظ میں دیجیے۔ [2×10=20]

10۔ ناول کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالئے۔

11۔ پریم چند کی ناول نگاری کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

12۔ میر امن دہلوی کی داستان نویسی کا محاکمہ کیجیے۔

13۔ فسانۂ عجائب کی خوبیوں پر اپنے تاثرات کا اظہار کیجیے۔

-----x-----

Printed Pages : 6

Q

Paper Code : 271136

M.A. (CBCS) (Ist Year) (Semester-II)
Examination, 2022-23

(Major)

URDU

(Urdu Drama)

Time : 3 Hours] [Maximum Marks : 75

Note : Attempt questions from **all** sections as per given instructions.

نوٹ: یہ سوالنامہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ ہدایت کے مطابق ہر حصہ سے جواب دیجیے۔

(حصہ-الف)

1۔ مندرجہ ذیل سبھی سوالوں کے جواب مختصراً تقریباً پچاس-پچاس الفاظ میں دیجیے۔ [10×2=20]

(i) ڈراما کی تعریف بیان کیجیے۔

(ii) ''آگرہ بازار'' کس کا ڈراما ہے؟ اس ڈراما میں کس شاعر کی زندگی کو موضوع بنایا گیا ہے؟

(iii) ایمر جنسی کے حالات پر لکھا گیا اردو ڈراما کا نام بتائیے۔

(iv) اردو کے پہلے ڈراما کا نام مع مصنف تحریر کیجیے۔

(v) آغا حشر کاشمیری کے دو (2) ڈراموں کے نام بتائیے۔

(vi) ''انارکلی'' کتنے ایکٹ کا ڈراما ہے؟ ان ایکٹوں کے نام لکھیے۔

(vii) دو (2) ایسے انگریزی ڈراموں کے نام بتائیے جن کا ترجمہ اردو میں کیا گیا ہے؟

(viii) ''اندر سبھا'' کے دو (2) کردار بتائیے۔

(ix) وحدت ثلاثہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(x) حزنیہ ڈراما کسے کہتے ہیں؟

(حصہ-ب)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہیں پانچ (5) سوالوں کے جواب تقریباً دو-دوسو (200) الفاظ میں دیجیے۔ [5×7=35]

2۔ ڈراما ''انارکلی'' کا خلاصہ اپنی زبان میں تحریر کیجیے۔

3۔ ڈراما کی اقسام پر روشنی ڈالئے۔

4۔ ڈراما کے اجزائے ترکیبی پر نوٹ لکھئے۔

5۔ منفی کردار سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ڈراما میں منفی کردار کی اہمیت کا جائزہ پیش کیجیے۔

6۔ ڈراما کا رشتہ اسٹیج سے ہوتا ہے۔ اس پر اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

7۔ ابتدائی دور کے اردو ڈراموں کی خصوصیات قلمبند کیجیے۔

8۔ مغربی ڈراما کی روایت پر روشنی ڈالئے۔

9۔ ''اندر سبھا'' کی اہمیت کے بارے میں اپنے تاثرات کا اظہار کیجیے۔

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہیں دو (2) سوالوں کے جواب تفصیل کے ساتھ تقریباً پانچ - پانچ سو (500) الفاظ میں دیجیے۔ [2×10=20]

10۔ اردو ڈراما کے آغاز وارتقا کا محاکمہ کیجیے۔

11۔ ''سلور کنگ'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

12۔ ''ضحاک'' کے فکر وفن پر روشنی ڈالئے۔

13۔ عہد حاضر میں اردو ڈراما کی صورت حال کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

(یا)

حبیب تنویر کی ڈراما نگاری پر روشنی ڈالئے۔